# Marking Scheme

## Class: VIII

## Mid Term Examination 2025-26

## Subject: Urdu

## Set: B

| | |
|---|---|
| Name: | Class/Sec |
| Subject:Urdu | Max.Mark:60 |
| Date: | Time Allowed: 2 hrs |

سوال نمبر۱: ذیل میں سے کسی دو کی تعریف لکھیے؟ اور کم از کم ایک ایک مثال بھی پیش کیجیے؟ ٦

فعل مستقبل

جواب۔ وہ فعل جو آنے والے وقت میں کیا جانا ہو اسے فعل مستقبل کہتے ہیں۔

جیسے: لڑکے فٹبال کھیلیں گے، کل وہ گھر آئے گا، وغیرہ۔

فعل ماضی۔

جواب۔ وہ فعل جو گزرے ہوئے وقت میں کیا گیا ہو، اسے فعل ماضی کہتے ہیں۔

جیسے کلیم آیا تھا، اسلم نے خط لکھا وغیرہ۔

سوال نمبر۲: نیچے دی گی بند کی تشریح کرتے ہوئے شاعر کا نام بھی لکھیے؟ ۱۰

بیدار تھی باغ میں اکیلی ۔۔۔۔ پھولوں سے لدی ہوی چمیلی

تشریح-------------------------------------------------------------------------------------------

مندرج ذیل شعر نظم جگنو سے لیا گیا ہے جس کے شاعر سکند علی وجد ہیں۔

شاعر کہتا ہے کہ رات کے وقت باغ میں بالکل سناٹا تھا صرف پھولوں سے لدی ہوی چمیلی باغ میں جاگی ہوی تھی۔

---

اتنے میں جو رو چلی ہوا کی ۔۔۔۔۔۔ قسمت ہی چمک گی فضا کی

تشریح ----------------------------------------------------------------

شاعر کہتا ہے کہ اتنے میں جو رو چلی ہوا کی یعنی تیز ہوا کہ چلنے سے موسم خوشگوار ہو گیا اور ماحول کی قسمت چمک گی۔ ہر طرف فضا میم جگنو ہی جگنو چمک رہے ہیں--

---

ہونے لگی جگنوؤں کی بارش ۔۔۔۔۔۔ فطرت کے جمال کی تراوش

تشریح ----------------------------------------------------------------

شاعر کہتا ہے کہ ایسے خوشگوار حسین ماحول میں جگنوؤں کی بارش ہونے لگی۔ باغ میں ہر طرف جگنو ہی جگنو نظر آرہے تھے۔ ایسا لگتا تھا کہ قدرت کا حسن ٹپک رہا ہو----------------------------------------------------------------

روشن تھا اس قدر اندھیرا ۔۔۔۔۔۔۔ گویا ہونے کو تھا سویرا

تشریح ----------------------------------------------------------------

شاعر کہتا ہے کہ اندھیری رات تھی لیکن اس اندھیری رات میں صبح کا گمان ہو رہا تھا یعنی جگنوؤں کی چمک نے اندھیری رات کو سویرے میں بدل دیا تھا----

---

سوال نمبر۳: خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے Fill in the blanks بھریے؟ ۵

۱۔ اس نے آگے بڑھ کر اس کا ۔ استقبال کیا۔
۲۔ ساری محفل ۔۔ شرمندہ ہوگی۔
۳۔ میں جب ۔ معمولی کپڑوں میں آیا تو کسی نے مجھ سے بات بھی نہ کی۔
۴۔ یہی سوال اکبر نے بیربل ۔ سے کیا۔
۵۔ کسی ۔ کے دل کا حال معلوم کرنا ناممکن ہے۔

سوال نمبر۴: کتابیں منگوانے کے لیے بک سیلر کے نام Letter Writing ایک خط لکھیے؟ ۱۰

جواب۔ کتابیں منگوانے کے لیے بک سیلر کے نام خط

جواب۔ نیشنل بک ڈپو،

اردو بازار جامع مسجد دلی-6

تاریخ------

مکرمی تسلیم!

براہ مہربانی مندرجہ ذیل کتابیں بذریعہ وی-پی روانہ فرمائیے۔ نوازش ہوگی۔ اپنا پتہ لکھ رہا ہوں۔

1- پاپولر جغرافیہ۔۔۔۔۔تین کاپیاں

2- جان پہچان حصہ ۵۔۔۔۔۔دو عدد                    کل اعداد: ۵

عرض نیاز مند-

جبران احمد

مکان نمبر-۲

گلی نمبر-۴

ذاکر نگر،اوکھلا، نئی دہلی

---

سوال نمبر۵: مندرجہ ذیل الفاظ کو جملوں میںSentences استعمال کیجیے ؟ ۴

ا۔ عمدہ - عمدہ لباس ہر انسان کی پہلی پسند ہوتی ہے ۔

---

۲۔ علاج - اس جڑی بوٹی میں ہر بیماری کا علاج ہے -

---

۳۔ وعدہ - جب وعدہ کسی سے کر لو تو اسے پورا کرنے کی ہر ممکن کوشش کرو۔

---

۴۔ انتظار - ہمیں امتحان کے نتیجے انے کا انتظار کرنا چاہیے ۔

---

۵-آرام – تھکان کے بعد آرام کرنا بھی ضروری ہوتا ہے ۔

---

سوال نمبر٦ : نیچے لکھے ہوے سوالوں کاQuestion/Answers جواب لکھیے ؟ ١٠

١ ۔ اکبر نے درباری سے کیا پوچھا؟

جواب: اکبر نے درباری سے پوچھا بتاؤ اس وقت جو لوگ دربار میں بیٹھے ہیں ان کے دلوں میں کیا ہے ۔

---

٢ ۔ سبا لکشمی کو کون کون سے اعزازات پیش کیے گیے ؟

جواب ۔سبا لکشمی کو بھارت رتن ؛ پدم بھوشن ، رمن میکسیسی اور کلاندھی ایوارڈ پیش کیے گیے ۔

---

٣ ۔ سلمی کی امی کی دماغی حالت کیوں خراب ہوگی تھی ؟

جواب---------------------------------------------------------------------------------------------------------

جواب: زہریلی گیس رسنے کے حادثے کی وجہ سے شوہر کے انتقال کے بعد سلمی کی امی کی دماغی حالت خراب ہوگی تھی ۔

---

٤۔ سبا لکشمی نے کن فلموں میں اداکاری کے جوہر دکھاے؟

جواب :انھوں نے چار فلموں میں اداکاری کے جوہر دکھاے۔ ان کی پہلی فلم سیوا سدانم ؛اور دوسری فلمیں شکنتلا؛ساوتری ؛ اور میراں ہیں ۔

---

۵۔ اکبر نے اونٹ کو دیکھ کر بیربل سے کیا سوال کیا؟

جواب: اکبر نے اونٹ کو دیکھ کر بیربل سے کہا کہ بیربل اونٹ کی گردن ٹیڑھی کیوں ہوتی ہے ۔

---

ذیل میں سے کسی ایک پر (آدھ صفحہ کاEssay Writing مضمون لکھیں ؟ ١٠

میرا پسندیدہ کھیل ہاکی-

جواب–

ہاکی ایک ہردل عزیز یورپ کا کھیل ہے فٹبال اور کٹ کرکٹ کی طرح یہ کھیل بھی ہندوستان اور پاکستان میں یورپ سے آیا ہے لیکن اس نے ہندوستان اور پاکستان میں ایسی مقبولیت حاصل کرلی ہے کہ کوئی اسکول کالج کوئی گاؤں نہیں جہاں یہ کھیل کھیلا نہ جاتا ہو اس کھیل کے لیے ایک ہموار میدان ہوتا ہے جس کی لمبائی سو گز اور چوڑائی 50 فٹ تک ہوتی ہے دونوں سروں پر لکڑی کے ستونوں سے دو دو گول بنائے جاتے ہیں جس میں زمین سے کچھ اوپر 15 گز کے فاصلہ پر ایک نصف دائرہ بنایا جاتا ہے جسے ڈی کہتے ہیں میدان کے عین درمیان میں سینٹر بناتے ہیں ہاکی کے لیے دونوں ٹیموں میں 11-11 کھلاڑی ہوتے ہیں ہر ایک کھلاڑی کے پاس ایک لکڑی کی سٹیک ہوتی ہے جس سے وہ گیند کو ہٹ لگاتا ہے کھلاڑیوں کی ترتیب اس طرح ہوتی ہے -

گول کیپر: اس کا فرض ہے کہ وہ اپنے گول کی ہر ممکن طریقے سے حفاظت کرے وہ گول کے اندر اور باہر پاؤں سے ہٹ لگا سکتا ہے دوسرے کھلاڑیوں کی طرح اپنی ہاکی سٹیک کا بھی استعمال کر سکتا ہے

فل بیک: دو کھلاڑی ہوتے ہیں ان کی جگہ ڈی لائن پر ہوتی ہے یہ حملہ کو روکنے اور خود بھی مقابل پر حملہ کرتے ہیں -

فارورڈ: ان کی تعداد پانچ ہوتی ہے ان کا کام مخالف ٹیم پر پے در پہ حملے کرنا ہوتا ہے -

کھیل میں ہار جیت کا فیصلہ کرنے کے لیے ایک ترتیب یافتہ ریفری ہوتا ہے دونوں ٹیمیں اس کا فیصلہ بلا چوں چرا تسلیم کرتی ہیں نہ اس کے فیصلے کے خلاف اپیل ہی ہو سکتی ہے - ریفری دونوں فرقوں کو قاعدہ اور کھیل کے قانون کے مطابق کھیل شروع کرواتا ہے اس کا طریقہ یہ ہے کہ دونوں ٹیموں میں سے ایک ایک کھلاڑی مرکز میں رکھے ہوئے گیند کے آمنے سامنے کھڑے ہو جاتے ہیں - پہلے اپنی اسٹیک کو زمین پر پھر دوسرے کی اسٹیک پر مارتے ہیں یہ عمل تین بار دہرایا جاتا ہے چوتھی دفعہ دونوں اپنی اپنی ہاکی سے گیند کو چھیننے کی کوشش کرتے ہیں اس طرح کھیل شروع ہو جاتا ہے کھیل کے دوران اگر ہاکی کندھے سے اوپر اٹھ جائے تو مخالف ٹیم کو ایک ہٹ مل سکتی ہے گول کرنے کے لیے ضروری ہے کہ ڈی کے اندر سے ہٹ لگائی جائے اور اگر ڈی کے باہر ہٹ لگائی جائے اور گیند گول میں سے بھی گزر جائے تو وہ گول شمار نہیں ہوتا بلکہ اوٹ ہو جاتا ہے اگر کوئی کھلاڑی اپنے ہی گول میں گیند پھینک دے تو وہ کارنر کہا جاتا ہے کارنر دو طرح کے ہوتے ہیں -

سوال نمبر۸: ذیل میں کچھ معروضی سوالات دیے گیے ہیں آپ صحیح جواب کی MCQ نشاندہی کیجیے ؟۵

۱- رفتہ رفتہ لفظ کے کیا معنی ہیں ؟

جواب -الف آہستہ آہستہ

۲- وہ صبح کب آئے گی کیسی کہانی ہے ؟

جواب -الف -سچی کہانی ہے

۳- بادشاہ اکبر نے بیربل کو کیا دینے کا وعدہ کیا تھا ؟

جواب-ب - جاگیر دینے کا

۴- اکبر نے درباری سے کیا پوچھا تھا ؟

جواب-الف -لوگوں کے دلوں کی بات پوچھی

۵-لوہے کہ چنے چبانے کا کیا مطلب ہے ؟

جواب-ج۔ کافی مشکل کام کو انجام دینا